21087 ـ پٹرول کمپنی کے نظام ادخار (رقم جمع کروا کر نفع لینا) میں شرکت کرنا

سوال

1 ـ ارامکو کمپنی میں مال جمع کروانے کا حکم کیا ہے، خاص کر چاہیے وہ سرمایہ کاری ہو یا نہ ہو؟

2 ـ اہل سنت اور شیعہ کے ہاں تقیہ کیا ہے؟

3 ـ کیا شیخ ابن باز رحمہ اللہ کو امام کہنا جائز ہے؟ اور اہل سنت کے امام کون ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

1 ـ ارامکو کمپنی میں مال جمع کروانا چاہیے وہ سرمایہ کاری کرے یا نہ کرے اس کی ممانعت ہی ظاہر ہوتی ہے، کیونکہ قلیل مال لے کر لیے گئے مال سے زیادہ رقم دینا ہے، جو کہ بعینہ سود ہے، کیونکہ اس کے سرمایہ کاری کرنے کے باوجود مال میں کمی اور زیادتی کے ماتحت نہیں بلکہ اس کا نفع تو مضمون (یعنی نفع کی ضمانت) ہے، لہذا ممانعت واضح ہے.

2 ـ اہل سنت کے ہاں تقیہ یہ ہے کہ بغیر کسی مداہنت کے ضرورت کے وقت زبان سے ایسی بات نکالنا جس کا اعتقاد نہ ہو جب مسلمان کو اپنی جان کا خطرہ ہو اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو.

لیکن شیعہ کے ہاں تقیہ یہ ہے کہ:

مخالف کی موافقت کا اظہار کرنا اور باطن میں اس کی مخالفت چھپانا، اگرچہ وہ حق ہی ہو، اور جوکچھ ان کے ہاں گمراہی و ضلالتیں ہیں ان پر مستقل قائم رہنا، یہ بعینہ نفاق ہے، یعنی اسلام کو ظاہر کرنا اور دل میں کفر چھپا کر رکھنا.

3 ـ شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی ہدایت و راہنمائی کرنے والے آئمہ میں سے ایك امام ہیں، اور ان لوگوں میں سے ہیں جو علوم شریعہ میں ماہراور اس کی مدد و تعاون کرنے والے اور شریعت کا اہتمام کرنے والے اور دین کی امامت کے مستحق ہیں.